News of the Sports

April 03 , 2018

روزنامہ ایکسپریس

کامن ویلتھ گیمز

# پاکستانی ٹیموں کا گولڈ کوسٹ میں پڑاؤ

ریسلرز 8 اپریل کو آسٹریلیا پہنچیں گے، ہاکی ٹیم کا آج اسکاٹ لینڈ سے پریکٹس میچ، ایتھلیٹس ولیج میں خیر مقدمی تقریب بھی سجائی جائے گی

گولڈ کوسٹ، آسٹریلیا (اسپورٹس ڈیسک) 21 ویں کامن ویلتھ گیمز میں شرکت کیلیے پاکستان کی ایتھلیٹکس، بیڈ منٹن، ہاکی، باکسنگ، ٹیبل ٹینس، سوئمنگ، اسکواش، شوٹنگ اور ویٹ لفٹنگ کی ٹیموں نے گولڈ کوسٹ میں قائم ایتھلیٹس ولیج میں پڑاؤ ڈال دیا، ریسلنگ کی ٹیم 8 اپریل کو پہنچے گی، پاکستانی دستہ 56 کھلاڑیوں اور 21 آفیشلز پر مشتمل ہے، آسٹریلیا پانچویں بار دولت مشترکہ گیمز کی میزبانی کرنے جارہا ہے، اس سے قبل یہاں 1938 (سڈنی)، 1962 (پرتھ)، 1982 (برسبین) اور 2006 (میلبورن) میں کامن ویلتھ گیمز منعقد ہوچکے ہیں، واضح رہے کہ ان گیمز کا آغاز 1930 میں برٹش گیمز کے نام سے ہوا تھا جسے 1978 میں کامن ویلتھ گیمز کا نام دے دیا گیا تھا، دولت مشترکہ سے وابستہ 6 ممالک آسٹریلیا، کینیڈا، انگلینڈ، نیوزی لینڈ، اسکاٹ لینڈ اور ویلز کو اب تک منعقدہ تمام گیمز میں شرکت کا اعزاز حاصل ہے، کامن ویلتھ گیمز انتظامیہ کی جانب سے ان مقابلوں کو کامیاب بنانے کیلیے بھرپور اقدامات کیے گئے ہیں، گولڈ کوسٹ میں ایتھلیٹ ولیج کو نہایت دلکش رنگ برنگی لائٹوں، گیمز میں شریک تمام ممالک کے جھنڈوں اور میسکوٹ کے بڑے بڑے ماڈلز سے سجایا گیا ہے، گیمز میں شرکت کیلیے آنے والی ٹیموں کی رہنمائی کیلیے برسبین ایئرپورٹ سے ایتھلیٹ ولیج تک 16 برس کے نوجوانوں سے لیکر 80 سال کے مرد و خواتین رضاکار شب و روز خدمات انجام دے رہے ہیں، گیمز میں شریک ٹیموں کو خوش آمدید کہنے کیلیے خیر مقدمی تقریب منگل 3 اپریل کو شام 4 بجے ایتھلیٹ ولیج میں منعقد ہوگی، دریں اثنا پاکستان ہاکی ٹیم وارم اپ میچ میں منگل کو اسکاٹ لینڈ کیخلاف مقامی وقت کے مطابق دوپہر ساڑھے 12 بجے گولڈ کوسٹ ہاکی سینٹر میں نبرد آزما ہوگی، باکسنگ ٹیم ای شمور، بیڈ منٹن ٹیم کریرا اسپورٹس سینٹر ارینا، شوٹنگ ٹیم بیلمونٹ شوٹنگ سینٹر، اسکواش ٹیم اوکسن فورڈ اسٹوڈیو، سوئمنگ ٹیم اوپٹس ایکواٹک سینٹر میں پریکٹس کریں گی، ویٹ لفٹنگ کے کھلاڑی گولڈ ٹرسٹ کلب میں صلاحیتوں کو نکھاریں گے، ٹیبل ٹینس ٹیم اوکسن فورڈ اسٹوڈیو جبکہ ایتھلیٹکس کے پلیئر گیمز ولیج میں پریکٹس سیشن میں حصہ لیں گے۔

INTERNATIONAL
THE NEWS e-PAPER
Editor-in-chief: Mir Shakil-ur-Rahman

# Stage set for Commonwealth Games

GOLD COAST, Australia: The Commonwealth Games are “more relevant now than ever”, organisers said on Monday as they got ready to fire the starting gun on 11 days of competition at Australia’s Gold Coast.

Questions have been asked about the standing and modern appeal of the tournament, an echo of colonialism which began as the British Empire Games in 1930. But officials said the Games still had a role to play, pointing to the groundbreaking move to have an equal number of men’s and women’s medal events, and the policy of including para sports in the main programme.

“The Commonwealth has stood for generations now for fighting for fairness and freedom,” said David Grevemberg, chief executive of the Commonwealth Games Federation. “From our standpoint we’re more relevant now than ever before for the things that have historically challenged the Commonwealth, to the ambitions and aspirations that this Commonwealth looks to uphold: peace, prosperity, good governance and human rights.” After Wednesday’s opening ceremony, about 4,300 athletes from 71 nations and territories will compete across 23 sports in Gold Coast, a beach-fringed city in Australia’s east. Games chairman Peter Beattie said the Olympics should take note of the Commonwealth’s move to gender equality for medal events, which he described as a first for a major Games.

“The Commonwealth Games stands for some things that are different: gender equality is one, inclusiveness is another,” Beattie said. He added: “Of course it makes a difference that there are equal numbers of medals for men and women. Perhaps that’s something the Olympics should follow.”

Australian cycling great Anna Meares said the Games remained well regarded by athletes, and provided a crucial opportunity to gain experience. “The people who seem to critique it and question its relevance are people who perhaps aren’t involved in the sport itself,” the former Olympic and Commonwealth champion said. “You ask any athlete where the relevance of the Commonwealth Games sit and they’ll tell you it’s right up there.”

However, not everyone is happy about the tournament and indigenous protesters have organised demonstrations against what they call the “Stolenwealth Games”. As the opening ceremony nears, Games organisers are also grappling with a possible doping controversy after the discovery of syringes in the athletes’ village. Grevemberg said the syringes were still being analysed but that one team, believed to be India, had been summoned over a breach of the Games’ “no-needle” policy. England’s Adam Peaty and Australia’s heavyweight team will highlight the swimming events, while Jamaica’s Yohan Blake and Elaine Thompson will look to set the track alight following the retirement of Olympic sprint icon Usain Bolt.

Malaysia’s Lee Chong Wei headlines a strong badminton tournament and Olympic champions Australia will hope to become the inaugural gold medallists when women’s rugby makes its Games debut. Forecasts of wet weather for Wednesday and the following days didn’t deter Beattie, who declared: “A little bit of rain is not going to ruin the opening ceremony.” He added: “Queenslanders and Australians are very tenacious. We’ll just do singing in the rain if that’s what happens.”

روزنامہ ایکسپریس

## قومی دستے کی روزانہ مانیٹرنگ کی ہدایت

### اسکواڈ کے ساتھ موجود حکام کارکردگی رپورٹ پی ایس بی کو بھجوائیں گے

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان اسپورٹس بورڈ نے پہلی بار بطور ادارہ اپنی ذمے داری کا احساس کرتے ہوئے کامن ویلتھ گیمز میں جانے والے پاکستانی کھلاڑیوں اور آفیشلز کی کارکردگی کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کرنے کی باقاعدہ ہدایات جاری کر دیں، ذرائع کے مطابق اس حوالے سے قومی دستہ کے ہمراہ جانے والے پی ایس بی حکام کو تحریری احکامات جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ وہ نہ صرف گولڈ کوسٹ آسٹریلیا سے روزانہ کی بنیاد پر کھلاڑیوں اور آفیشلز کی کارکردگی کے حوالے سے رپورٹ تیار کر کے پاکستان اسپورٹس بورڈ کو روانہ کریں گے بلکہ اس ایونٹ میں جہاں کہیں جو کوئی خامی سامنے آئے اس کی بھی نشاندہی کریں گے۔ ذرائع کے مطابق سیکریٹری بین الصوبائی رابطہ کی ہدایت کی روشنی میں پی ایس بی کے موجودہ سربراہ پہلے ہی پاکستان اولمپکس ایسوسی ایشن کو ایک تحریر کے ذریعے آگاہ کر چکے ہیں کہ پی ایس بی گولڈ کوسٹ سے واپسی پر ان تمام فیڈریشنز، کوچز اور آفیشلز سے اس ایونٹ میں ان کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ لے گا اور آئندہ کسی بھی سطح پر گیمز میں ٹیموں اور کھلاڑیوں کو بھیجنے کے حوالے سے فیصلے کارکردگی اور میڈلز کی توقعات کو سامنے رکھ کر کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق وزارت اور پی ایس بی کی موجودہ قیادت اس حوالے سے بڑی کلیئر ہے کہ جوائے رائیڈنگ کی بجائے کھلاڑیوں کی بہتر ٹریننگ پر رقم خرچ کی جائے گی، کھلاڑیوں کے کھیل کا معیار بہتر ہونے کے ساتھ ساتھ انھیں بڑے ایونٹس میں اتارا جائیگا، اسٹینڈر کے مطابق نہ ہونے والے کھیلوں کی ٹیمیں بھجوا کر قومی خزانے کو ضائع نہیں کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق وزارت اور پاکستان اسپورٹس بورڈ کے بڑوں نے جوائے رائیڈنگ کی حوصلہ شکنی کا آغاز اپنی حد تک تو 4 اپریل سے شروع ہونے والے کامن ویلتھ گیمز سے کر دیا ہے جس کا ثبوت ڈی جی پی ایس بی کی جانب سے پی او اے کی دعوت کے باوجود قومی دستے کے ہمراہ آسٹریلیا جانے سے انکار ہے۔

روزنامہ ایکسپریس

## یوتھ اولمپکس کوالیفائرز، قومی تائیکوانڈو ٹیم کل تیونس روانہ ہوگی

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) یوتھ اولمپکس کوالیفائنگ راؤنڈ اور جونیئر ورلڈ چیمپئن شپ میں شرکت کیلیے قومی تائیکوانڈو ٹیم بدھ کو تیونس روانہ ہوگی۔ پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کے صدر وسیم احمد جنجوعہ کے مطابق یوتھ انٹرنیشنل تائیکوانڈو چیمپئن شپ 6 سے 14 اپریل تک تیونس میں کھیلی جائے گی۔ ایونٹ میں شرکت کیلیے 5 کھلاڑیوں اور 2 آفیشلز جائیں گے۔ کھلاڑیوں میں نقش ہمدانی، شہزاد علی، عمار اشفاق، احمد خان اور عبداللہ شامل ہیں جبکہ آفیشلز میں غیر ملکی ہیڈ کوچ مسٹر سنگ جے لی اور پاکستانی کوچ ناجیہ خان شامل ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ایونٹ کیلیے بھرپور محنت کی ہے اور وہ عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کر کے کامیابی حاصل کریں گے۔

Daily JEHAN PAKISTAN
جہان پاکستان

# انتظار ختم، کامن ویلتھ گیمز کا میلہ کل سے آسٹریلیا میں سجے گا

## ایونٹ 15 اپریل تک جاری رہے گا، قومی ہاکی ٹیم کا 5 کو ویلز اور 7 اپریل کو روایتی حریف بھارت سے مقابلہ ہوگا




لاہور، کراچی (سپورٹس رپورٹرز) شائقین کامن ویلتھ گیمز کا انتظار ختم ہونے کے قریب، کامن ویلتھ گیمز آسٹریلیا میں (کل) بدھ سے شروع ہونگے جو 15 اپریل تک جاری رہیں گے۔ تفصیلات کے مطابق شائقین کا انتظار ختم ہونے کو، کامن ویلتھ گیمز آسٹریلیا میں (کل) سے شروع ہونگے، ایونٹ 15 اپریل تک جاری رہے گا، قومی ہاکی ٹیم کا روایتی حریف بھارت سے مقابلہ 7 اپریل کو ہوگا دیگر کھیلوں کی طرح پاکستان ہاکی ٹیم بھی رضوان سینئر کی قیادت میں میگا ایونٹ میں حصہ لے رہی ہے۔ میگا ایونٹ میں شریک ٹیموں کو 2 گروپس اے اور بی میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پول اے میں آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، کینیڈا، جنوبی افریقہ اور اسکاٹ لینڈ جبکہ پول بی میں پاکستان کی ساتھ روایتی حریف بھارت، انگلینڈ، ملائیشیا اور ویلز کو شامل کیا گیا ہے۔ کامن ویلتھ گیمز کے شیڈول کے مطابق 5 اپریل کو مینز ایونٹ کے افتتاحی روز 2 میچز کھیلے جائیں گے۔ پاکستان کو ویلز جبکہ جنوبی افریقہ کو سکاٹ لینڈ کا چیلنج درپیش ہوگا۔ 6 اپریل کو انگلینڈ کا مقابلہ ملائیشیا اور نیوزی لینڈ کا سامنا کینیڈا سے ہوگا۔ 7 اپریل کو پاکستانی ٹیم روایتی حریف بھارت کیخلاف میدان سنبھالے گی۔

Daily JEHAN PAKISTAN
جہان پاکستان

# کامن ویلتھ: ہاکی کپتان کی جگہ ویٹ لفٹر عثمان راٹھور قومی پرچم اٹھائینگے






لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے عہدیداران بھی قومی کھیل کو نظر انداز کرنے لگے، کامن ویلتھ گیمز کی افتتاحی تقریب میں قومی ہاکی ٹیم کے کپتان کی بجائے ویٹ لفٹر عثمان راٹھور پاکستانی کی قیادت کرتے ہوئے قومی پرچم اٹھائیں گے۔ پاکستان ہاکی نے بین الاقوامی سطح پر اپنی افادیت کیا کھوئی کہ اپنے بھی قومی کھیل کی اہمیت کو نظر انداز کرنے لگے۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن نے کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان ہاکی ٹیم کے کپتان سے افتتاحی تقریب میں جھنڈا نہ اٹھوانے کا فیصلہ کیا ہے۔

اعلیٰ صحافتی اقدار کا علمبردار
روزنامہ اوصاف

# دولت مشترکہ گیمز، پاکستان ہاکی کا پہلا میچ پانچ اپریل کو ہوگا

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز کے ہاکی ایونٹ میں پاکستان اپنا پہلا میچ ویلز کے خلاف 5 اپریل کو کھیلے گا۔ تفصیلات کے مطابق کامن ویلتھ گیمز میں ہاکی کے ایونٹ میں دس ممالک کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن کو دو گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پاکستان کو گروپ بی میں روایتی حریف بھارت، انگلینڈ، ملائیشیا اور ویلز کے ساتھ رکھا گیا ہے گروپ اے میں دفاعی چیمپئن و میزبان آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ، کینیڈا اور سکاوٹ لینڈ کی ٹیمیں شامل ہیں۔ پاکستان اپنے گروپ میں لیگ کے چار میچ کھیلے گا پہلا میچ 5 اپریل کو ویلز کے خلاف، دوسرا میچ 7 اپریل کو روایتی حریف بھارت، تیسرا 8 اپریل کو انگلینڈ کے خلاف جبکہ چوتھا اور آخری میچ 11 اپریل کو ملائیشیا کے خلاف کھیلے گا۔ 13 اپریل کو سیمی فائنل اور 14 اپریل کو فائنل کھیلا جائے گا۔

Daily Times
Your right to know · A new voice for a new Pakistan

## Gold Coast Commonwealth Games 2018

# 10 Pakistan women to showcase their talent in Australia

**SLAMABAD:** As many as 56 Pakistan athletes are representing their homeland in the Commonwealth Games 2018, being held at Gold Coast, Australia, from April 4 to April 15. The players will showcase their skills in different sports including hockey, swimming, table tennis, squash, weightlifting, shooting among others. The Pakistan squad is going up against more than 6,600 athletes and team officials from 71 Commonwealth nations and territories. In a squad comprising mostly men, ten Pakistan women hope to make their mark in their respective categories.

**Najma Parveen:** Born in 1990, Najma Parveen hails from Faisalabad. She will represent her homeland in athletics and participate in women's 200m and 400m hurdles and relays. Najma was a part of Pakistan's squad in the 2016 Rio Olympics. She has been terrific in multiple events in which she has been featuring for the last few years. Her favourite events are 100m, 200m, 400m, 400m hurdles and relays. In April last year, she won six gold medals in the National Athletics Championship in Karachi.

**Bisma Khan:** Born in 2002, the teenager, who hails from Lahore, will participate in women's 50m freestyle, women's 100m freestyle and women's 50m backstroke swimming competitions. She previously participated in Commonwealth Games in 2014 and ranked 32. During the South Asian Games 2016, the young swimmer won her first international medal for Pakistan in 50m backstroke. The child prodigy secured six gold medals and created two records even before turning 13.

**Palwasha Bashir:** Born on October 20, 1987, Palwasha Bashir hails from Karachi. The athlete will be representing the country in the sport of badminton. During the events being held from April 10 to April 15, she will compete in singles, doubles and mixed doubles events. Palwasha will also be a part of the team playing against Scotland, India and Sri Lanka during the mixed team event at the Commonwealth Games.

**Mahnoor Shahzad:** The 21-year-old badminton player, who hails from Karachi, will participate in women's singles, women's doubles, mixed doubles and mixed team event. A student of Karachi's Institute of Business Administration, Mahnoor won the singles final during the International Badminton Tournament. Players from foreign countries such as Turkey, Nepal and Sri Lanka also participated in the competition, which was held from November 9 to November 12, last year.

**Minhal Sohail:** Born n 1995, Minhal will feature in the women's 10m air rifle shooting competition at the commonwealth games. The 23-year-old created history by representing Pakistan in the women shooting category at the Olympics game in Rio de Janeiro in 2016.

**Mehwish Farhan:** The 31-year-old Karachiite will represent the country in women's 10m air pistol shooting competition. Mehwish Farhan has previously participated in Asian Games 2014, where she secured the 37th position.

**Faiza Zafar:** The 22-year-old squash player will represent Pakistan in the categories of women's singles, women's doubles and mixed doubles. The young athlete, who hails from Sialkot, has won many national level squash championships.

**Madina Zafar: Born in 1998, the teenage squash player hails from Gujranwala. She will participate in women's singles, women's doubles and mixed doubles categories at the commonwealth games.**

**Fatima Khan: Born in 2001, Fatima Khan hails from Lahore. The female table tennis player will be representing Pakistan in women's singles, women's doubles and mixed doubles categories.**

**Hareem Anwar Ali: The 18-year-old table tennis player will represent Pakistan in women's singles, women's doubles and mixed doubles categories. Hareem Anwar Ali hails from Karachi.**